سال کے دوران جناب شوجی تسوبوتا نے بورڈ سے استعفیٰ دے دیا اور بورڈ نے جناب نوریہیرو میزوتا کو قانون کی مقررہ حدتک غیر رسمی اسامی کو پُر کرنے کے لئے مقرّر کیا۔ بورڈ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹر کی خدمات کو سراہتا ہے اور نئے ڈائریکٹر کا خیر مقدم کرتا ہے، اور آپ کی کمپنی کے لئے ان کی قیمتی خدمات کا منتظر ہے۔

بورڈ آڈٹ کمیٹی (بی اے سی) اور بورڈ ہیومن ریسورس کمیٹی (ایچ آر آر سی) کے ہر سہ ماہی اجلاس کے علاوہ، بورڈ نے سال کے دوران چھ (6) مرتبہ ملاقات کی۔ بورڈ عام طور پر ہر سہ ماہی میں ایک مرتبہ مالی اور کارکردگی کے نتائج پر غور کرنے اور منظور کرنے کے لئے ملاقات کرتا ہے اور اگلے سال کے لئے بجٹ پر غور کرنے اور اسے منظور کرنے کے لئے دیگر اجلاس کرتا ہے، اور ایک اجلاس ایسوسی ایٹڈ کمپنی اور دیگر گروپ کمپنیوں کے ساتھ ممکنہ سرمایہ کاری کے موقعے کا جائزہ لینے کے لئے کرتا ہے۔

کمپنی کے پاس ایک خودمختار انٹرنل آڈٹ ڈپارٹمنٹ ہے اور یہ رسک پر مبنی آڈٹ طریقۂ کار پر عمل کرتا ہے۔ انٹرنل آڈٹ رپورٹس سہ ماہی بنیادوں پر بورڈ آڈٹ کمیٹی کو پیش کی جاتی ہیں اور خامیوں پر تبادلۂ خیال کیا جاتا ہے اور مسلسل بہتری کے لئے ان کی تفتیش کی جاتی ہے۔

کمپنی اپنے ملازمین کے لئے محفوظ، صحت منداور آرام دہ ماحول فراہم کر کے کام کرنے کے حالات کو مزید بہتر بنانے کے لئے مسلسل خاطر خواہ وسائل کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

کمپنی کا کاروبار اخلاقیات، محنت اور دوسروں کی خیر خواہی پر مبنی ہے۔ ہمارا گروپ پختہ یقین رکھتا ہے کہ ہماری کمیونٹی میں شراکت ہماری کامیابی کا ایک سانچہ ہے اور یہ ہمیشہ رہے گی۔ ہم اپنی بنیادی اقدار کے لئے وقف رہتے ہیں اور تمام ذی نفع افراد کے ساتھ طویل مدّتی تعلقات برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تجربہ کار بورڈ آف ڈائریکٹرز اور پُرعزم انتظامیہ کی ٹیم کے ساتھ ہم جاری چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لئے لیس رہتے ہیں۔

بورڈ کی جانب سے، میں کمپنی کی کامیابی میں اپنے تمام ملازمین کی شراکت کو تسلیم کرنا چاہتا ہوں۔ میں اپنے شیئر ہولڈرز، صارفین، فراہم کنندگان، بینکرز، کاروباری شراکت داروں اور دیگر ذی نفع افراد کا، ان کے اعتماد اور ہماری حمایت کے لئے شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

ہم آپ کی کمپنی کی مسلسل کامیابی کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں اور آنے والے سال کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے زیادہ اعتماد کے ساتھ پیش بینی کر رہے ہیں۔



**جناب کمال اے چنائے**

20 اگست 2024

کراچی۔

# چیئرمین کا جائزہ

مجھے خوشی ہے کہ میں 30 جون 2024 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کا جائزہ پیش کر رہا ہوں۔ اس تجزیے کا مقصد کمپنی کی کارکردگی کو نمایاں کرنا اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے انتظامی عملے کو دی گئی راہنمائی کی وضاحت کرنا ہے جس کا مقصد تمام اسٹیک ہولڈرز کا منافع ہے۔

سال 2024-2023 کمپنی کے لئے مالی کارکردگی کے لحاظ سے ایک اور کامیاب ترین سال تھا، باوجود اس کے کہ اقتصادی اور کاروباری محاذ پر متعدد چیلنجز درپیش تھے، جن میں اقتصادی اور کاروباری سرگرمیوں میں سست روی کی وجہ سے اندرونِ ملک طلب میں کمی، گیس کے نرخوں میں نمایاں اضافہ، جس کے نتیجے میں یوٹیلیٹیز کی لاگت میں اضافہ، عالمی اسٹیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، جس کے نتیجے میں برآمدی فروخت متاثر ہوئی اور فاٹا/پاٹا کو دی گئی سیلز ٹیکس کی رعایت کا غلط استعمال جس کو فنانس ایکٹ 2024 کے ذریعے مزید 30 جون 2025 تک توسیع دے دی گئی ہے جو ملکی پیداواری صنعت کے لئے نقصان کا باعث ہے۔ آپ کی کمپنی نے جس طرح ان چیلنجز پر قابو پانے میں خود کو ناقابلِ تسخیر ثابت کیا وہ آپ کی کمپنی کی طاقت کو ظاہر کرتا ہے۔ بورڈ متوقع چیلنجز سے آشنا ہے اور یقین رکھتا ہے کہ پاکستان مستحکم رہے گا کیونکہ ہماری توجہ صنعت کی دیرپا ترقی پر مرکوز ہے جو کہ اقتصادی ترقی کو ظاہر کرتی ہے۔

رواں سال کے دوران بورڈ نے اپنی فیکٹری میں 6.4 میگاواٹ شمسی توانائی پلانٹ نصب کرنے کے لئے 1 بلین کی خطیر رقم مختص کرنے کی منظوری دی۔ شمسی توانائی پلانٹ کی تنصیب زیرِعمل ہے اور سال 2024 کے اختتام تک مکمل ہونے کی توقع ہے۔ اس پلانٹ کی تنصیب کمپنی کے گرین انرجی کے عزم کی ضامن ہے اور اس کے کاربن فوٹ پرنٹ کے ساتھ منسلک ہونے کی نفی کرتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ کمپنی کی مسلسل بڑھتی ہوئی یوٹیلیٹیز کی لاگت کو کم کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔

کمپنی کے نظریے اور مقصد کے مطابق، کمپنی کی انتظامیہ کی توجہ معیاری مصنوعات کی فراہمی، مضبوط کاروباری منصوبے، بہتر منافع اور کمپنی کی مجموعی کامیابی کے لئے ترقی پر گامزن رہے گی۔ ملک کے ایک ممتاز اسٹیل مینوفیکچرر کے طور پر ہم مسلسل ویلیو ایڈڈ اسٹیل کے حل میں جدت لانے کی کوشش کرتے ہیں۔ کمپنی کا ماننا ہے کہ اس کی مصنوعات کے لئے برآمدی منڈیوں میں مضبوط طلب موجود ہے اور وہ عالمی اسٹیل منڈی میں اپنا حصہ بڑھانے کے لئے پُرعزم ہے۔ عالمی رسد کے سلسلے میں خلل اور سمندری مال برداری کے چیلنجز کے باوجود کمپنی نے 24-2023 میں اپنی برآمدی فروخت میں 34 فیصد اضافہ کر کے اسے 16.7 ارب روپے تک پہنچا دیا اور کمپنی ملک کی برآمدات میں اضافے اور تجارتی خسارے کو کم کرنے میں اپنا حصہ ڈال رہی ہے۔

آپ کی کمپنی نے جو لچک اور ترقی ظاہر کی ہے وہ اس کی بنیادی طاقتوں، اس کی وقف شدہ افرادی قوت کے معیار، پیداواری نظام اور موثر سلسلۂ رسد کے انتظام (سپلائی چین مینجمنٹ) پر مبنی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ کمپنی مستقبل کے چیلنجز اور اہداف کو پورا کرنے میں کامیاب رہے گی۔

بورڈ نے اپنی ذمہ داریاں اور فرائض محنت سے انجام دیئے ہیں اور کمپنی کی حکمتِ عملی کے ضمن میں تمام اُمور میں راہنمائی کرنے میں مؤثر طور پر حصہ ڈالا ہے۔ بورڈ نے انتظامیہ کی کارکردگی کی نگرانی اور انتہائی پُرخطر شعبوں پر توجہ مرکوز رکھنے میں بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ بورڈ حکمتِ عملی کی منصوبہ بندی کے طریقۂ کار اور کمپنی کے نظریئے کو وسعت دینے میں مکمل طور پر شامل تھا۔ بورڈ ہمیشہ سرگرمِ عمل رہا ہے اور انتظامیہ کے تمام حکمتِ عملی کے اُمور میں راہنمائی کرنے میں اس نے مؤثر کردار ادا کیا ہے۔ ماحولیاتی، معاشرتی اور نظم وضبط کے معاملات سے متعلق کمپنی کے اقدامات کے ضمن میں بورڈ نظم وضبط اور نگہداری فراہم کرتا رہتا ہے۔

بورڈ تسلیم کرتا ہے کہ کارپوریٹ احتساب اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لئے صحیح طور پر متعین کردہ کارپوریٹ گورننس کے طریقۂ کار اہم ہیں اور ذی نفع کی قدر کو محفوظ اور برقرار رکھنے کے لئے اعلیٰ معیار کی کارپوریٹ گورننس کو یقینی بنانے کے لئے پُرعزم ہے۔ تمام ڈائریکٹرز بشمول آزاد ڈائریکٹرز نے بورڈ کے فیصلے کرنے کے عمل میں مکمل طور پر حصہ لیا اور تعاون کیا۔

آپ کی کمپنی کے چیئرمین کی حیثیت سے میں بورڈ کی قیادت کرنے، آزاد ماحول اور تعمیری مباحث کی ثقافت کو فروغ دینے کا ذمہ دار رہوں گا جس میں تمام آراء سنی جائیں گی اور اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ بورڈ اعلیٰ انتظامیہ کے ہر عہدے دار کی بات سنے۔ میں اس بات کو یقینی بنانے کے لئے پُرعزم رہوں گا کہ آپ کی کمپنی تمام متعلقہ دستور اور ضوابط کی تعمیل کرے اور اس بات کو یقینی بنائے کہ ہماری انتظامیہ کی ٹیم ایسے فیصلے کرتی رہے جو آپ کے لئے قلیل، درمیانی اور طویل مدّت میں اہمیت کے حامل ہوں۔